سوال

(527)مرد کا بیوی کو اپنے پر حرام کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے اپنی بیوی سے جھگڑا کیا اور اس کو مارا بیوی نے اس کو کہا :مجھے طلاق دے دو مرد نے کہا : تو مجھ پر حرام ہے کیا وہ حرام ہو جائے گی یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شوہر کا بیوی کو یہ کہنا تو مجھ پر حرام ہے سو اس میں علماء کے دو قول ہیں ۔

1۔ پہلا قول یہ ہے کہ مرد پر ظہار کا کفارہ لازم ہو گا لہٰذا جب وہ کفارہ ادا کرے گا ۔ تب بیوی اس کو اپنے پاس آنے دے گی ۔

2۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے ۔

اور علماء کا اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ بیوی پر واجب ہے کہ وہ مرد کو اپنے پاس آنے دے ۔ واللہ اعلم (ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 472

محدث فتویٰ